https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# جامعہ ملیہ اسلامیہ نے دولائف سائنسز کمپنیوں کے ساتھ مفاہمت نامے پر دستخط کیے: ان سے علمی اور صنعتی اداروں کے درمیان ساجھے داری کی نئی راہیں ہموار ہوں گی

New Delhi, September 17, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'لائف سائنسز' کے شعبے سے وابستہ دو کمپنیوں 'نیو لائف پرائیویٹ لمیٹڈ' اور 'نیکسٹ جین لائف سائنسز پرائیویٹ لمیٹڈ' کے ساتھ مفاہمت ناموں پر دستخط کیے ہیں۔ یہ اقدام تعلیمی اداروں اور صنعت کے مابین باہمی تعاون کو مضبوط بنانے، تحقیق، مہارتوں کی ترقی اور صنعت سے ہم آہنگ تعلیم وتربیت کے وسیع تر مواقع پیدا کرنے کی سمت ایک اہم پیش رفت ہے۔

ان معاہدوں پر باضابطہ دستخط چودہ ستمبر دو ہزار چھبیس کو جامعہ ملیہ اسلامیہ کی فیکلٹی آف لائف سائنسز میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران کیے گئے۔ اس موقع پر عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ اور فیکلٹی آف لائف سائنسز کے ڈین پروفیسر محمد زاہد اشرف موجود تھے۔

نئی دہلی میں قائم 'نیو لائف پرائیویٹ لمیٹڈ' لیبارٹری، تشخیص اور صحت کی دیکھ بھال سے متعلق مصنوعات کی تیاری اور تقسیم کے شعبے میں سرگرم عمل ہے اور تحقیقی و تعلیمی اداروں نیز اسپتالوں کی ضروریات پوری کرتی ہے۔ کمپنی کی مصنوعات میں حیاتیاتی مصنوعات، ری ایجنٹس، تشخیصی کٹس اور ایسے آلات شامل ہیں جو مالیکولر بائیولوجی اور طبی تشخیص میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ کمپنی، ادویات کی دریافت اور تیاری کے لیے مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ پر مبنی 'ہائی تھرو پٹ اسمال مالیکیول اسکریننگ' کے ساتھ ساتھ بائیو مارکر کی دریافت اور تشخیصی مقاصد کے لیے میٹابولومک، پروٹیومک اور جینومک تحقیق بھی سرانجام دیتی ہے۔ شیخ الجامعہ کی موجودگی میں، پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'نیو لائف پرائیویٹ لمیٹڈ' کے مینیجنگ ڈائریکٹر جناب ندیم رحمان کو مفاہمت نامے کی یادداشت باضابطہ طور پر سونپی۔ اس موقع پر جناب رحمان نے کمپنی کی مہارت کے شعبوں اور تحقیق، جدت طرازی، پیشہ ورانہ ترقی اور طلبہ کے لیے کیریئر کے مواقع کے سلسلے میں جامعہ کے ساتھ تعاون کے امکانات پر روشنی ڈالی۔

دوسرا مفاہمت نامہ 'نیکسٹ جین لائف سائنسز پرائیویٹ لمیٹڈ' اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے درمیان ہوا۔ نیکسٹ جین لائف

سائنسز، لائف سائنس کی مصنوعات اور تحقیقی حل کی ایک متنوع رینج پیش کرتا ہے، جس میں مالیکیولر بائیولوجی، جینومکس، سیکوینسنگ، بائیوانفارمیٹکس اور متعلقہ تشخیصی ایپلی کیشنز شامل ہیں۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موجودگی میں ڈاکٹر نگمہ عباسی، سی ای او اور بانی، نیکسٹ جین لائف سائنسز پرائیویٹ لمیٹڈ کو مفاہمت نامہ سونپا۔ اس موقع پر ڈاکٹر عباسی نے کمپنی کی سائنسی صلاحیتوں اور طلبہ اور محققین کے لیے تحقیق، مہارت کی ترقی، تربیت اور صنعت پر مبنی مواقع میں تعاون کی گنجائش پر روشنی ڈالی۔

پروفیسر شمع پروین، سنٹر فار انٹرڈسپلنری ریسرچ ان بیسک سائنسز اور تقریب کی کوآرڈینیٹر نے اکیڈیمیا اور صنعت میں پائیدار مشغولیت کو فروغ دینے، خاص طور پر علم کے تبادلے، اطلاقی تحقیق، اختراعات اور پیشہ ورانہ ترقی میں مفاہمت ناموں کی اہمیت اجاگر کی۔

امید ہے کہ اس تعاون سے طلبہ کو انٹرن شپ، مقالہ جات اور صنعت پر مبنی منصوبوں کے مواقع فراہم ہوں گے، تجرباتی آموزش اور پیشہ ورانہ نمائش کو فروغ دینا۔ فریقین کے درمیان یہ شراکت داری قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس کے مقاصد کے مطابق علم کے تبادلے، صلاحیت سازی، تحقیق اور اختراع میں بھی سہولت فراہم کرے گی، خاص طور پر ہنر کی نشو ونما، عملی آموزش اور مستحکم علمی و صنعتی روابط پر زور ہوگا۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی اور پروفیسر مظہر آصف نے اپنی تقریروں میں تعلیمی مہارت کو جدت اور صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے تعلیمی اداروں اور صنعت کے مابین مسلسل رابطے اور اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔ فیکلٹی آف لائف سائنسز کے ڈین، پروفیسر محمد زاہد اشرف نے اختتامی گفتگو کرتے ہوئے سب کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے اس طرح کے ادارہ جاتی اشتراک کو فروغ دینے میں جامعہ انتظامیہ کے تعاون کا اعتراف کیا۔ مفاہمت ناموں پر دستخط کا عمل لائف سائنسز کے شعبے کے ساتھ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے روابط کو مستحکم کرنے اور ایک ایسے نظام کو پروان چڑھانے کی جانب ایک اور اہم قدم ہے جو تعلیم، تحقیق، جدت، مہارتوں اور روزگار کے مواقع کو باہم مربوط کرتا ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ